## تمام مکاتب فکر کے علماء کرام وعوام شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کو ناکام بنادیں، رابطہ کمیٹی
## فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام الطاف حسین کے شانہ بشانہ ہیں
## الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کا درس دیا، یہی وجہ ہے کہ صوبہ سندھ سے فرقہ واریت کا خاتمہ ممکن ہوسکا
## جماعت غرباء اہلحدیث پاکستان اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ سندھ کے وفود کی عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔15، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اورعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کو ناکام بنادیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورخالد یونس اورسیف یار خان نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں ملاقات کیلئے آنے والے جماعت غرباءاہلحدیث پاکستان اورتحریک نفاذ فقہ جعفریہ سندھ کے وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی ہدایت کے مطابق شہر میں کشیدہ صورتحال کے پیش نظر مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلے میں پیر کے روز پروفیسر حافظ محمد سلفی کی سربراہی میں جماعت غرباءاہلحدیث کے محمد انس مدنی،مولانا محمد حافظ جاسم ادریس سلفی،مولانا عبدالرحیم ،مولانا عبدالحئی عابد،مولانا حافظ جواد مدنی،مولانا قاری عبدالغفور،اویس مدنی،مولانا عبدالباسط مدنی،محمد یوسف اورعبدالواحد پر مشتمل گیارہ رکنی نمائندہ وفد نے ملاقات کی دوسری ملاقات عماریاسر علوی ٹرسٹی ناظم الاموتحریک نفاذ فرقہ جعفریہ سندھ کی سربراہی میں علامہ وقارحسن نقوی،مخدوم سید سبط حسن نقوی،علامہ علی عرفان عابدی،سید بدرعلی ترمذی،علامہ حسن اسدی اورعلامہ ظفرعباس ظفرپر مشتمل وفد نے کی اورشہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی مذمت کرتے ہوئے ان پرتشویش کا اظہار کیا۔وفود کے ارکان نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اورشہر میں قیام امن کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کاوشوں کوسراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کے سازش کو ناکام بنانے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ ہیں اوروہ اپنے اتحاد سے ہر سازش کو ناکام بنادیں گے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جماعت غرباءاہلحدیث اورتحرک نفاذ فرقہ جعفریہ کے وفد کا نائن زیروآمد پراپنی اورقائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خیرمقدم کیااورکہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کا درس دیااوریہ وجہ ہے کہ نہ صرف کراچی بلکہ صوبہ سندھ سے فرقہ واریت کا خاتمہ ممکن ہوسکا۔انہوں نے کہا کہ آج ایک بارپھر شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی جارہی ہے اورشہر میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات شروع کردیئے گئے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اورعوام سے اپیل کی کہ وہ شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے میدان میں نکل آئیں اوراپنے اتحاد سے ان دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔اس موقع پرانہوں نے شہر میں ٹارگٹ کلنگ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل دے۔اس موقع پرایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد وارکین ناصریامین،منظرمہدی بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆